**14.04.2026**

**2115 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ................. شگفتہ یاسمین

**Music**

--------------------------------

☆ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے مغربی ایشیا صورتحال کے سلسلے میں وزیراعظم نریندر مودی سے فون پر بات چیت کی۔ دونوں رہنماؤں نے آبنائے ہُرمز کو کُھلا اور محفوظ رکھنے کی اہمیت پر زور دیا۔

☆ وزیراعظم نے دِلی-دہرادون اقتصادی کوریڈور کا افتتاح کیا۔ اُنہوں نے کہا کہ یہ کوریڈور کنکٹی ویٹی کو مضبوط کرے گا، معیشت کو مستحکم کرے گا اور سیاحت کو فروغ دے گا۔

☆ سمراٹ چودھری کل بہار کے BJP کے پہلے وزیراعلیٰ کی حیثیت سے حلف لیں گے۔

☆ مغربی بنگال اور تمل ناڈو اسمبلی انتخابات کیلئے انتخابی مہم میں تیزی آگئی ہے۔ دونوں ریاستوں میں سرکردہ رہنما ووٹروں سے رابطہ قائم کرنے کی بھرپور کوشش کررہے ہیں۔

☆ چھتیس گڑھ کے Sakti ضلعے میں بجلی کے ایک پلانٹ میں ایک دھماکے میں 9 ورکرز ہلاک ہوگئے ہیں۔

☆ بھارتی آئین کے معمارِ اعلیٰ ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر کو اُن کے یومِ پیدائش پر ملک بھر میں خراجِ عقیدت پیش کیا گیا۔

☆ اور............IPL کرکٹ میں چنئی سُپر کنگس اور کولکاتا نائٹ رائیڈرس کے درمیان میچ جاری ہے۔

--------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM US**

وزیراعظم نریندر مودی کو آج امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے ایک ٹیلی فون کال موصول ہوئی۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر جناب مودی نے کہا کہ دونوں رہنماؤں نے مغربی ایشیا کی صورتحال پر تبادلۂ خیال کیا اور آبنائے ہُرمز کو کُھلا اور محفوظ رکھنے کی اہمیت پر زور دیا۔ اُنہوں نے کہا کہ ٹیلی فون پر بات چیت کے دوران اُنہوں نے دونوں ملکوں کے درمیان مختلف شعبوں میں باہمی اشتراک میں مسلسل پیش رفت کا بھی جائزہ لیا۔ جناب مودی نے کہا کہ طرفین سبھی شعبوں میں اپنی جامع عالمی کلیدی شراکت داری کو مستحکم کرنے کیلئے پُرعزم ہیں۔×

**PM Corridor**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج دوپہر اتراکھنڈ میں دلّی-دہرہ دون اقتصادی راہداری کا افتتاح کیا۔ دلّی-دہرہ دون اقتصادی راہداری، دلّی، اترپردیش اور اتراکھنڈ سے گزرتی ہے۔ اِس راہداری کی بدولت دلّی اور دہرہ دون کے درمیان سفر کے وقت کی بچت ہوگی اور یہ موجودہ 6 گھنٹے سے کم ہوکر ڈھائی گھنٹے ہوجائے گا۔ دہرہ دون میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ یہ راہداری، کنکٹی ویٹی اور سیاحت کو فروغ دیتے ہوئے خطے میں علاقائی معاشی نمو کو استحکام بخشے گی۔

**S/B: PM Modi on Project**

وزیر اعظم نے کہا کہ ریاست میں یکساں سول کوڈ کے نفاذ کے ساتھ ہی اتراکھنڈ نے پورے ملک کو راہ دکھائی ہے۔

**S/B: PM Modi UCC**

انہوں نے کہا کہ اُن ضلعوں میں بھی آئین کی روح کے مطابق کام جاری ہیں، جہاں ماؤنوازیت کا خاتمہ ہوگیا ہے۔ وزیر اعظم مودی نے تقریب کے مقام پر پہنچنے سے پہلے سہارنپور اور دہرہ دون میں ایک-ایک روڈ شو کیا۔ x

**Gujrat Prez**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے قومی سلامتی کے سلسلے میں تیزی سے بدلتی ہوئی صورتحال سے نمٹنے کی خاطر ٹیکنالوجی سے لیس اور ہنرمند افرادی قوت کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ آج گاندھی نگر میں راشٹریہ رکشا یونیورسٹی کے پانچویں جلسۂ تقسیم اسناد سے خطاب کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے زور دے کر کہا کہ آرٹیفیشیل انٹیلجنس میں اضافے اور سائبر ڈیٹا سکیورٹی میں توسیع کے ساتھ قومی سلامتی کے نظریے میں ایک بڑی تبدیلی آئی ہے۔ اُنہوں نے کہاکہ ملک کی پیش رفت اور ترقی کیلئے داخلی سلامتی ایک لازمی جزو ہے

**S/B: President Droupadi Murmu**

تقریب کے دوران صدرجمہوریہ نے ملک کی خاطر اُن کی غیرمعمولی خدمات کیلئے قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال کو اعزازی ڈاکٹریٹ کی ڈگری سے سرفراز کیا۔x

**Bihar Political**

آج بہار میں BJP کے رہنما سمراٹ چودھری کو BJP قانون ساز پارٹی کا لیڈر منتخب کرلیا گیا ہے، جس سے اُن کی ریاست کا اگلا وزیراعلیٰ بننے کی راہ ہموار ہوگئی ہے۔ مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان، جنہیں پارٹی کی جانب سے مرکزی مشاہد مقرر کیا گیا تھا، اُنہوں نے آج پٹنہ میں BJP قانون ساز پارٹی کی میٹنگ کے بعد یہ اعلان کیا۔ جناب سمراٹ چودھری نے اِس کے بعد گورنر سے ملاقات کی اور حکومت تشکیل دینے کا دعویٰ پیش کیا۔ نئی حکومت کی حلف برداری کی تقریب کل صبح گیارہ بجے ہوگی۔

**S/B: Samrat Chaudhary**

اِس سے قبل JDU کے صدر نتیش کمار نے بہار کے وزیراعلیٰ کے عہدے سے استعفیٰ دیا اور اپنی کابینہ کو تحلیل کردیا۔ اُنہیں حال ہی میں راجیہ سبھا کیلئے منتخب کیا گیا ہے۔x

**WB Election Rally**

مغربی بنگال اور تمل ناڈو اسمبلی انتخابات کیلئے تشہیری مہم زور و شور سے جاری ہے۔ مختلف سیاسی جماعتوں کے اعلیٰ رہنما، رائے دہندگان کو راغب کرنے کیلئے عوامی میٹنگیں اور ریلیاں کر رہے ہیں۔ وزیر اعظم اور سینئر BJP لیڈر نریندر مودی نے Namo App کے ذریعے مغربی بنگال میں پارٹی کارکنوں سے بات چیت کی۔ بات چیت کے دوران جناب مودی نے کہا کہ BJP کی جانب سے جاری کیے گئے انتخابی منشور کو ریاست کے عوام کی جانب سے زبردست پذیرائی مل رہی ہے۔ انھوں نے کہا کہ پارٹی کارکنوں کی توانائی، جوش اور جذبہ قابل ذکر ہے۔ جناب مودی نے TMC دورِ حکومت کی مبینہ بد انتظامی کو مؤثر طریقے سے اجاگر کرنے پر پارٹی کارکنوں کی ستائش کی۔

جناب مودی نے کہا کہ مغربی بنگال میں BJP کے ہر پروگرام میں سماج کے سبھی طبقوں کے لوگ، پرجوش طریقے سے شرکت کر رہے ہیں۔

**S/B: 2100- PM- WB**

سینئر BJP لیڈر امت شاہ نے جنوبی دیناج پور ضلع میں انتخابی جلسے سے خطاب کیا۔ جناب شاہ نے کہا کہ BJP، ریاست کو تقسیم کیے بغیر دارجلنگ کی پہاڑیوں کے گورکھا معاملے کو حل کرے گی۔

اِس دوران رائے گنج اور مالدہ میں انتخابی جلسوں سے خطاب کرتے ہوئے سینئر کانگریس لیڈر راہل گاندھی نے ریاست کے نوجوانوں کو روزگار فراہم کرنے کے وعدے کو پورا نہ کرنے پر ترنمول کانگریس حکومت کی نکتہ چینی کی۔

انھوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی نے پانچ لاکھ لوگوں کو ملازمت دینے کا وعدہ کیا تھا لیکن 84 لاکھ نوجوانوں نے بے روزگاری بھتے کیلئے درخواستیں دی ہیں۔

ترنمول کانگریس صدر اور مغربی بنگال کی وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی نے ہاوڑہ، مغربی میدنی پور اور مشرقی میدنی پور ضلعوں میں انتخابی جلسے کیے۔ اس دوران محترمہ بنرجی نے BJP پر مغربی بنگال کے مجاز رائے دہندگان کے نام حذف کرنے کیلئے انتخابی کمیشن کا استعمال کرنے کا الزام لگایا۔ x

**WB Darjeeling Assembly Profile**

مغربی بنگال میں انتخابی مہم زورشور سے جاری ہے۔ مغربی بنگال کے دارجلنگ حلقے میں اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کے تحت 23 اپریل کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

**V/C: Kalyan**

*یہاں دو لاکھ 15 ہزار سے زیادہ ووٹر ہیں۔ موجودہ MLA بھارتیہ جنتا پارٹی کے Neeraj Tamang Zimba ہیں۔ دو آزاد امیدواروں سمیت چھ امیدوار انتخابی میدان میں ہیں۔ BJP نے Noman Rai کو اِس اسمبلی چناؤ میں اپنا امیدوار بنایا ہے، جبکہ ترنمول کانگریس بھارتیہ گورکھا Prajatrantrik مورچہ کے امیدوار Bijoy کمار رائے کی حمایت کررہی ہے۔ کانگریس نے Madhap Rai کو چناؤ میدان میں اُتارا ہے۔ BJP ووٹروں کو راغب کرنے کیلئے انتخابی مہم کررہی ہے، جبکہ ترنمول کانگریس نے*

جیت کیلیے اپنی اتحادی بھارتیہ گورکھا Prajatrantrik مورچہ پر بھروسہ کیا ہے۔
کلیان کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلیے میں......ارجمند علی خان

**TN Election Campaign**

تمل ناڈو میں چناؤ مہم موسم گرما کے بڑھتے درجۂ حرارت کے باوجود اپنے عروج پر ہے۔BJP لیڈر K.Annamalai نے Mada Hukulan میں انتخابی ریلی کی، جس میں انہوں نے DMK پر خاندانی سیاست کو فروغ دینے کے الزام عائد کیا۔ DMK کے صدر اور وزیراعلیٰ ایم-کے-اسٹالن نے Vellore میں ایک عوامی میٹنگ منعقد کی، جس میں انہوں نے اپنی حکومت کے کارہائے نمایاں کو اُجاگر کیا۔ اُنہوں نے مرکزی حکومت کی جانب سے پارلیمنٹ کے خصوصی اجلاس بلانے پر بھی سوال اُٹھاتے ہوئے اسے الیکشن کے دوران تقسیم کرنے کی ایک حکمت عملی قرار دیا۔AIADMK کے جنرل سکریٹری Edappadi PalaniSwami نے Tiruchirapalli اور Theni میں ریلیوں کے دوران DMK سرکار کے دور میں قانون اورنظم و نسق میں گراوٹ کا الزام لگایا۔

TVK کے بانی Vijay نے کوئمبٹور اور Tirupur میں ریلیوں سے خطاب کیا۔

DMK یوتھ ونگ کے لیڈر اور نائب وزیراعلیٰ UdhayaNidhi Stalin نے کنیاکماری میں انتخابی مہم میں ریاستی حکومت کی جانب سے بالخصوص طلباء اور خواتین کی بہبود کیلیئے کئے جانے والے اقدامات کو اُجاگر کیا۔×

**PM Mann Ki Baat**

وزیراعظم نریندر مودی اِس ماہ کی 26 تاریخ کو آکاشوانی پر'من کی بات' پروگرام میں ملک اور بیرونِ ملک کے لوگوں سے اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ یہ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا 133واں نشریہ ہوگا۔ لوگ اِس پروگرام کیلیے اپنے نظریات اور تجاویز ٹول فری نمبر: ایک آٹھ صفر صفر، ایک ایک، سات آٹھ صفر صفر کے ذریعے درج کراسکتے ہیں۔ وہ نریندر مودی App یا MyGov اوپن فورم کے ذریعے بھی آن لائن وسیلے سے اپنی تجاویز پیش کرسکتے ہیں۔×

**Chhattisgarh Explosion**

چھتیس گڑھ کے Sakti ضلع میں آج بجلی کے ایک پلانٹ میں ہوئے دھماکے میں چار کارکن ہلاک ہوگئے اور 15 دیگر زخمی ہوگئے ہیں۔ پولیس نے بتایا کہ کچھ کارکنوں کے جائے حادثے پر پھنسے ہونے کا خدشہ ہے۔

ابتدائی اطلاعات کے مطابق آج دوپہر Singhitarai گاؤں میں Vedanta Limited Power Plant میں ایک Boiler Tube میں یہ دھماکہ ہوا۔

اطلاع ملتے ہی مقامی انتظامیہ اور پولیس ٹیمیں جائے حادثہ پر پہنچیں اور بچاؤ کارروائی شروع کی۔ زخمیوں کو قریبی اسپتالوں میں داخل کیا گیا ہے اور جن لوگوں کے پھنسے ہونے کا خدشہ ہے، ان کے بچاؤ کی کوششیں کی جارہی ہیں۔×

## Ambedkar Jayanti Tributes

ملک آج بھارتی آئین کے اعلیٰ معمار ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر کو اُن کے 136ویں یومِ پیدائش پر خراجِ عقیدت پیش کررہا ہے۔ اِس موقع پر ملک بھر میں مختلف تقاریب کا اہتمام کیا گیا۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدرجمہوریہ رادھاکرشنن اور وزیراعظم نریندر مودی نے اِس موقع پر بابا صاحب کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔

صدرجمہوریہ نے گجرات کے گاندھی نگر میں سماجک سمرستا مہوتسو سے خطاب کیا۔ اُنہوں نے لوگوں سے ذات پات کی تقسیم سے بالاتر ہوکر سب کی شمولیت والے معاشرے کے تئیں یہ کہتے ہوئے کام کرنے کی اپیل کی کہ ملک کو اب امیری اور غریبی کے درمیان خلاء کو ختم کرنے پر توجہ مرکوز کرنی چاہیئے۔

نائب صدر جمہوریہ نے نئی دِلی میں ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر پر دوسرے یادگاری لکچر سے خطاب کیا۔ اُنہوں نے کہاکہ ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر نے اِس بات کو ثابت کیا کہ حقیقی آزادی کا آغاز تعلیم سے ہوتا ہے۔

بھارت کے چیف جسٹس سوریہ کانت اور سپریم کورٹ کے دیگر ججوں نے عدالت عالیہ کے احاطے میں بابا صاحب امبیڈکر کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔x

## Harvest Festival

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر سی پی رادھا کرشنن اور وزیر اعظم نریندر مودی نے بیساکھی، **Vishu**، **Vishuv**، **Bohag Bihu**، **Poila Boishakh**، **Meshadi**، **Vaishakhadi** اور **Puthandu** کے موقع پر عوام کو مبارکباد دی ہے۔

نائب صدر سی پی رادھا کرشنن نے ملک بھر میں نے سال کی تقریبات کے دوران مشترکہ جذبے سے متعلق اپنا مضمون شیئر کرتے ہوئے کہا کہ ملک، اپنی تہذیبی اقدار میں ہمیشہ ایک رہا ہے اور وہ اِس جذبے کو آگے بھی جاری رکھے گا۔ اِس مضمون میں نائب صدر نے اجاگر کیا کہ نئے سال کی تقریبات، ہر کسی کو ملک کی ثقافتی گونا گونیت اور تنوع کی یاد دلاتی ہیں، ساتھ ہی ملک کے اتحاد کی بھی نشاندہی کرتی ہے۔

نائب صدر نے خواہش ظاہر کی کہ نوجوان نسل، ایک بھارت کے جذبے کے ساتھ آگے بڑھے اور سال **2047** تک وکست بھارت اور شریشٹھ بھارت کی تعمیر میں کامیابی حاصل کرے۔

نائب صدر نے بیساکھی کے موقع پر نئی دلّی کے گردوارا شری رکاب گنج صاحب میں ارداس کی۔ نائب صدر نے سبھی کیلئے امن و خوشحالی اور بہتری کی دعا کی۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے اُپ راشٹرپتی بھون میں نائب صدر سے ملاقات کی اور تمل نئے سال **Puthandu** اور بیساکھی کے موقع پر اُنہیں مبارکباد دی۔ **x**

## Govt LPG

حکومت نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز پر اثرا انداز ہو رہی عالمی غیر صورتحال کے باوجود ملک میں گھریلو **LPG**، **PNG** اور **CNG** کی **100** فیصد سپلائی برقرار رکھی جا رہی ہے۔ پیٹرولیم اور قدرتی گیس کی وزارت نے یقین دلایا کہ ملک بھر میں

پیٹرول، ڈیزل اور LPG کا وافر ذخیرہ دستیاب ہے اور کسی بھی LPG ڈسٹری بیوٹر شپ پر Dry Out کی کوئی خبر نہیں ہے۔ وزارت نے کہا کہ LPG کی آن لائن بکنگ بڑھ کر 98 فیصد ہوگئی ہے۔ وزارت نے مزید کہا کہ گزشتہ مہینے کی 23 تاریخ سے مائیگرینٹ مزدوروں کی مدد کیلئے 14 لاکھ روپے مالیت سے زیادہ کے پانچ کلوگرام والے فری ٹریڈ LPG سلنڈر فروخت کیے گئے ہیں۔ وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ پورے مغربی ایشیا میں بھارتی مشن، ہائی الرٹ پر ہیں اور شہریوں تک مدد پہنچانے کیلئے دن رات ہیلپ لائنیں چلا رہے ہیں۔

وزارت خارجہ نے مزید کہا کہ فروری کے اواخر سے اب تک تقریباً 9 لاکھ 55 ہزار مسافروں نے متاثرہ علاقوں سے بھارت کا سفر کیا ہے۔ x

## Israel Lebanon Talks

امریکہ کیلئے اسرائیل اور لبنان کے سفیروں کی آج واشنگٹن میں ملاقات ہوگی، جس کا مقصد مذاکرات کے ذریعے ممکنہ جنگ بندی تک پہنچنا ہے۔ امریکہ کے وزیر خارجہ مارکو روبیو بھی اس میٹنگ میں شامل ہوں گے۔ امریکہ میں اسرائیل کے سفیر Yechiel Leiter اپنے لبنانی ہم منصب Nada Hamadeh Moawad سے ملاقات کریں گے۔ لبنان کے وزیر خارجہ Youssef Rajji نے کہا کہ ان مذاکرات کے ذریعے جنگ بندی اور وسیع تر امن سمجھوتے کے نفاذ کی سمت میں کام کیا جانا چاہئے۔

تاہم ایران کے حمایت یافتہ مسلح گروپ حزب اللہ نے اس میٹنگ کو منسوخ کرنے کا اعلان کیا ہے۔ حزب اللہ کے لیڈر Naim Qassem نے لبنانی حکومت سے ان مذاکرات کو یہ کہتے ہوئے منسوخ کرنے کیلئے کہا ہے کہ یہ مذاکرات بے معنی ہیں اور حزب اللہ اسرائیل کے خلاف اپنی جوابی کارروائیاں جاری رکھے گا۔×

## IPL Cricket

IPL کرکٹ میں چنئی کے ایم-اے-چدمبرم اسٹیڈیم میں چنئی سپر کنگس اور کولکاتا نائٹ رائیڈرس کے درمیان میچ جاری ہے۔ میزبان چنئی سپر کنگس نے کولکاتا نائٹ رائیڈرس کی جیت کیلئے 193 رن کا نشانہ رکھا ہے۔ سنجو سیمسن نے 48 رن بنائے۔ اِس سے قبل کولکاتا نائٹ رائیڈرس نے ٹاس جیت کر پہلے گیندبازی کرنے کا فیصلہ کیا۔×

☆☆☆☆